**28.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا سے بات چیت کی جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر موجود ہیں۔ انھوں نے اُن کے سفر کو ایک نئے عہد کا آغاز قرار دیا۔ کیپٹن شُکلا نے اسے پورے ملک کی اجتماعی حصولیابی قرار دیا۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی کل صبح گیارہ بجےآکاشوانی پر ’’من کی بات‘‘ پروگرام میں اپنےخیالات کااظہارکریں گے۔

☆ حکومت نے زرعی جنگل بانی کو فروغ دینے کی غرض سے زرعی زمین پر درختوں کو کاٹنے کے سلسلے میں مثالی ضابطے جاری کئے ہیں۔

☆ پانچ سال سے کم عمر بچوں کی اموات کی شرح میں بھارت نے 78فیصد کی کمی درج کی ہے جوکہ 61فیصد کی عالمی کمی سے کہیں زیادہ ہے۔

☆ شمال مغربی پاکستان میں آج ایک خودکش حملے میں کم از کم 16پاکستانی فوجی ہلاک اور 29زخمی ہوئے ہیں۔

☆ اور خواتین ٹوینٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے میزبان انگلینڈ کو جیت کیلئے 211رن کا نشانہ دیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Shubhanshu Shukla**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا سے بات چیت کی جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر موجود ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ آپ بھارت سے بہت زیادہ دور ہیں لیکن بھارتیوں کے دِل کے بہت قریب ہیں اور آپ کا سفر ایک نئے عہد کے مقدس آغاز کی علامت ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں پریکرما صدیوں پرانی روایت رہی ہے اور آپ کو مادرِ سرزمین کی پریکرما کرنے کے ایک نایاب موقعے سے نوازا گیا ہے۔ جناب مودی نے اُنھیں تہہ دِل سے مبارکباد پیش کی اور اُن کے مشن کیلئے کیپٹن شُکلا کو نیک خواہشات پیش کیں۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا نے کہا کہ بھارت کی نمائندگی کرتے ہوئے وہ فخر محسوس کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنے تجربات بتاتے ہوئے کیپٹن شُکلا نے کہا کہ جب وہ چھوٹے تھے تو انھوں

نے کبھی یہ سوچا بھی نہیں تھا کہ وہ ایک خلا باز بن سکتے ہیں۔ کیپٹن شُکلا نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں آج کا بھارت، بھارت کے عوام کو اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے بیشمار مواقع فراہم کر رہا ہے۔

S/B 2100 PM/Shubanshu

کیپٹن شکلا نے کہا کہ اپنی ٹریننگ کے دوران انھوں نے بہت کچھ سیکھا۔ انھوں نے کہا کہ اُن کا سفر پورے ملک کی ایک اجتماعی حصولیابی ہے۔ انھوں نے نوجوانوں سے کہا کہ بلندی کی حد کبھی آسمان نہیں ہوتا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت تیز رفتار سے ترقی کر رہا ہے اور خلا میں اُس کے اپنے اسٹیشنز ہوں گے۔ کیپٹن شُکلا نے کہا کہ جب انھوں نے خلا سے پہلی بار بھارت کو دیکھا تو بھارت بہت عظیم نظر آرہا تھا اور وہ اُس سے کہیں زیادہ بڑا تھا جو ہم نقشے پر دیکھتے ہیں۔ بدھ کو بھارتی خلا باز شبھانشو شُکلا کو لے کر Axiom-4 مشن امریکہ کے فلوریڈا میں واقع Kennedy خلائی مرکز سے روانہ ہوا تھا۔ کیپٹن شُکلا دوسرے بھارتی خلا باز ہیں جو خلا کا سفر کر رہے ہیں۔ چار دہائی قبل ونگ کمانڈر راکیش شرما نے 1984 میں روس کے ایک مشن کے حصے کے تحت خلائی سفر کیا تھا۔x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل صبح گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 123واں ایپیسوڈ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ، اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائیگا۔

## PM Acharya

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت خدمت اور انسانیت کو وقف ایک ملک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دنیا نے ہزاروں برس تک تشدد کو تشدد سے دبانے کی کوشش کی ، جبکہ بھارت نے عدم تشدد کی طاقت سے دنیا کو روشناس کرایا۔ وزیر اعظم آج نئی دلی میں آچاریہ وِدیا نند جی مہاراج کی صد سالہ تقریبات کے افتتاح کے بعد خطاب کررہے تھے۔ اُنہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک نے انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سب سے بالاتر رکھا۔

Byte PM Service

وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ ملک کو ترقی اور وراثت دونوں کے ساتھ ساتھ آگے بڑھنا چاہیئے۔ اُنہوں نے ملک کو نو آبادیاتی ذہنیت سے آزاد کرانے پر زور دیا۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ آچاریہ شری وِدیا نند جی نے اپنی زندگی صرف روحانی طرز عمل تک محدود نہیں رکھی بلکہ اُسے معاشرے اور ثقافت کی تعمیر نو کیلئے ایک طاقتور وسیلہ بھی بنایا۔ یہ پروگرام آچاریہ وِدیا نند جی مہاراج کی 100 ویں جینتی کے اعزاز میں ایک سال طویل قومی خراج عقیدت کے طور پر تقریبات کے باضابطہ آغاز کے موقع پر منعقد کیا گیا تھا۔X

## VP Preamble

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ کسی بھی آئین کی تمہید اس کی روح ہوتی ہے اور اسے بدلا نہیں جاسکتا ہے۔ نئی دلی میں ایک کتاب کی رسم اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکڑ نے کہا کہ ایمرجنسی کے دوران ایک ایسے وقت میں جب لوگوں کو عملی طور پر غلام بنا لیا گیا تھا بھارتی آئین میں تبدیلی کی گئی۔جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ایمرجنسی کے دوران آئین میں سوشلسٹ، سیکولر اور سا لمیت جیسے الفاظ کا اضافہ آئین کے معماروں کے ذہنی رویے کے ساتھ دھوکہ تھا۔x

## Amit Shah Gujarat

داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے گجرات کے احمدآباد ضلع میں Adaroda گاؤں میں کئی کاموں کا افتتاح کیا۔ انھوں نے ADC بینک، سیوا سہکاری منڈلی، کمیونٹی ہال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر جناب شاہ نے کہا کہ سانند اسمبلی حلقے 54 گاؤں میں Sanand GIDC بنیادی سہولیات فراہم کرے گا۔
اس سے قبل جناب شاہ نے پنچ محل ضلع کے گودھرا میں واقع شری گووند گرو یونیورسٹی میں کئی پروجیکٹوں کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے نوتعمیر شدہ سینٹر آف ایکسیلنس کی عمارت، شجرکاری کے Miyawaki طریقے، آبی ذخیرے اور اسپورٹ کمپلیکس کا افتتاح کیا۔x

## Govt Agroforestry

حکومت نے زرعی جنگل بانی کو فروغ دینے کی غرض سے زراعتی زمین پر پیڑوں کو کاٹنے کے سلسلے میں مثالی ضابطے جاری کئے ہیں۔ اس کا مقصد کسانوں کی آمدنی کو دوگنا کرنا، جنگلات کے باہر درختیوں کی تعداد بڑھانا، آب وہوا کی تبدیلی کو کم کرنا، لکڑی کی درآمد میں کمی لانا اور زمین کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا ہے۔ اس سے پیرس معاہدے کے تحت آب وہوا سے متعلق بھارت کے اہداف کو بھی تعاون ملتا ہے۔ ماحولیات کی وزارت نے تمام ریاستوں کے چیف سکریٹریز کو روانہ کئے گئے ایک خط میں کہا ہے کہ اِس کا مقصد زرعی جنگل بانی میں کاروبار کرنے میں نرمی کو فروغ دینا اور کسانوں کو سہولت فراہم کرنا ہے تا کہ وہ غیر ضروری ضابطہ جاتی رکاوٹوں کا سامنا کئے بغیر اپنے زرعی نظام سے درختیوں کو مربوط کرسکیں۔x

## Mandaviya Social Security

محنت و روزگار کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت بھارت نے سماجی تحفظ کے سلسلے میں تاریخی پیش رفت حاصل کی ہے۔ یہ ملک بھر میں اب 94 کروڑ شہریوں سے زیادہ تک پہنچ گئی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر مانڈویا نے محنت کی عالمی تنظیم کے ڈی جی Gilbert Houngbo کے تئیں ایک متحرک، سب کی شمولیت پر مبنی سماجی تحفظ سے متعلق نظام کی تعمیر میں بھارت کے تکسر تبدیلی والے سفر کو تسلیم کرنے اور اُس کی ستائش کرنے کیلئے تشکر کا اظہار کیا۔جناب Houngbo نے کہا کہ

بھارت کے سماجی تحفظ کے احاطے میں 2019میں تقریباً 25فیصد سے 2025میں 64فیصد تک کا اضافہ ہوا ہے۔X

S/B Gilbert Houngbo

**BJP TMC WB**

بی جے پی نے آج مغربی بنگال میں ممتا بنرجی کی قیادت والی TMC حکومت کی ریاست میں خواتین کے خلاف جرائم کے سلسلے میں سخت نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ کولکتہ کے ایک Law کالج میں اجتماعی عصمت دری کے انتہائی ہولناک واقعے سے پورا ملک گہرے صدمے میں ہے۔جناب پاترا نے کہا کہ BJP صدر جے پی نڈّا نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو جلد ہی جائے حادثے کا دورہ کرے گی اور پارٹی کے قومی صدر کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

S/B Sambit Patra WB

**India Mortality rate**

بھارت نے پانچ برس سے کم عمر کے بچوں کی شرح اموات میں 78فیصد کی کمی حاصل کرلی ہے جبکہ عالمی سطح پر یہ 61فیصد ہے۔ اقوام متحدہ کے بین ایجنسی گروپ برائے بچوں کی اموات کے تخمینے کی 2024رپورٹ کے مطابق نوزائدہ بچوں کی شرح اموات میں بھی عالمی سطح پر 54فیصد کے مقابلے 70فیصد کی کمی آئی ہے۔

وزارت صحت نے کہا ہے کہ ٹیکہ کاری میں بہتری پر مسلسل توجہ کے سبب بھارت نے اُن آبادیوں تک پہنچنے کی خاطر ایک سرگرم اور سب کی شمولیت پر مبنی طریقہ کار اختیار کیا، جہاں کم تعداد میں ٹیکہ کاری ہوئی ہے۔

ٹیکہ کاری سے متعلق مسلسل مہم کے نتیجے میں بھارت میں ان بچوں کی کُل تعداد میں جنہیں ٹیکے نہیں لگے ہیں اُن میں 2023میں صفر اعشاریہ ایک ایک فیصد سے 2024میں صفر اعشاریہ صفر چھ فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔x

**ED Assets**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کے تحت Mahira انفراٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کے خلاف معاملے کے سلسلے میں 557 کروڑ روپئے کی مالیت کے اثاثوں کی عبوری طور پر قرقی کرلی ہے۔ قرق کئے گئے اثاثوں میں سات غیر منقولہ املاک اور مختلف کمپنیوں سے تعلق رکھنے والی فکسڈ ڈیپازٹ کی رسیدیں ہیں۔ ایجنسی نے گروگرام پولیس کی جانب سے کمپنی کے خلاف فریب اور دھوکہ دہی کے سلسلے میں درج کی گئی FIR کی بنیاد پر تحقیقات شروع کی تھی۔ الزامات میں جعلی دستاویزات داخل کرنا شامل ہے جس میں بینک کی جعلی گارنٹیز شامل ہیں تاکہ بیرونی اور اندرونی ترقیاتی کاموں کیلئے لائسنس حاصل کیا جاسکے۔ ED کی تحقیقات سے پتہ لگا ہے کہ کمپنی نے معاون اداروں کی جعلی رسیدوں کے ذریعے تعمیرات کی لاگت کو بڑھا کر فنڈس میں خرد برد کی۔x

## Pakistan Army attack

پاکستان میں ایک خودکُش حملے میں کم از کم 16 پاکستانی فوجی ہلاک اور 29افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ پولس کے مطابق دھماکے کی وجہ سے دو مکانات کی چھتیں بھی منہدم ہوگئیں، جس کی زد میں آ کر 6 بچے زخمی ہوگئے ہیں۔پولس نے بتایا کہ ایک خودکُش بمبارنے دھماکہ خیز مادے سے لدی گاڑی کو ایک فوجی قافلے سے ٹکرادیا۔ مقامی میڈیا کی خبروں کے مطابق پاکستانی طالبان سے وابستہ حافظ گل بہادر مسلح گروپ کے خودکُش بمبار دستے نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔x

## Putin Peace Talks

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا کہ روس، یوکرین کے ساتھ ایک بار پھر براہِ راست امن مذاکرات کیلئے تیار ہے باوجود اس کے کہ دونوں طرف سے ڈرون حملے جاری ہیں۔ کَل بیلاروس کے اپنے دورے کے دوران، Minsk میں خطاب کرتے ہوئے جناب پتن نے کہا کہ افسران اِس میٹنگ کے سلسلے میں اوقات کے تعلق سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ توقع ہے کہ ایجنڈے میں جنگ بندی کی اصطلاح شامل ہوگی۔ اس سے قبل استنبول میں مذاکرات کا پچھلا دور بغیر کسی پیشرفت کے ختم ہوگیا تھا۔ دوسری طرف یوکرین نے خبر دی ہے کہ اُس نے گذشتہ رات 363روسی ڈرونز میں سے زیادہ تر کو اور چھ میزائلوں کو ناکارہ بنا دیا جبکہ روس نے مختلف خطوں میں 39 یوکرین کے ڈرونز گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔x

## Badminton US Open

آج امریکہ میں US اوپن بیڈمنٹن 2025میں آیوش شیٹی اور تنوی شرما سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ تنوی نے خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں ملیشیا کی کھلاڑی کو اکیس۔تیرہ، اکیس۔سولہ سے ہرایا۔
مردوں کے سنگلز میں آیوش نے چینی تاپئے کے کھلاڑی کو بائیس۔ بیس، اکیس۔نو سے شکست دی۔ سیمی فائنل میں تنوی شرما کا مقابلہ یوکرین کی بیڈمنٹن کھلاڑی، جبکہ آیوش شیٹی کا سامنا چینی تاپئے کے کھلاڑی سے ہوگا۔X

## Womens Cricket

خواتین کرکٹ میں نوٹنگھم کے Trent Bridge میں پہلے ٹوینٹی۔ٹوینٹی میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو جیت کیلئے 211رن کا نشانہ دیا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ کی ٹیم نے 8اوورس میں 4وکٹ پر 64رن بنالئے تھے۔ اس سے پہلے انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔ سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا نے صرف 62 گیند پر شاندار 112رن بنائے۔ ہرمن پریت کور پانچ ٹوینٹی۔ٹوینٹی میچوں کی سیریز میں ٹیم انڈیا کی قیادت کر رہی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆